# تعلیمی سال کے اچھے آغاز کی امید!

معزز خاندان:

ہمیں کلاسوں میں واپس آئے اب ایک ہفتہ گزر گیا ہے اور جس دوران ہم معمول پر آ رہے ہیں، بارسیلونا کے تعلیمی کنسورشیم کی جانب سے **آپ کو خوش آمدید کہنا چاہتے ہیں آپ کو دلچسپی کی معلومات سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں۔**

جیساکہ آپ جانتے ہیں، آپ کا تعلیمی مرکز شہر میں موجود سرکاری مراکز کے نیٹ ورک کا حصہ ہے۔ سکول، انسٹیٹوٹ اور انسٹیٹیوٹ سکول اپنے ڈائریکٹروں اور بڑی تعداد میں تعلیمی ٹیموں اور تعلیمی خدمات، تعلیمی انسپیکشن کے ساتھ اور کنسورشیم تعلیم کی مرکزی خدمات کی مدد سے چلائے جاتے ہیں۔

کنسورشیم تعلیم میں ہم ایک بڑا اور پیچیدہ تنظیمی ادارہ ہیں جسے محکمہ تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت اور کونسل بارسیلونا نے اس مقصد سے بنایا ہے کہ شہر کے تعلیمی مراکز کا انتظام اور تعلیمی کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کیا جائے۔ اس سال کے آغاز میں **خاندانوں اور شہریوں کے لئے عمومی سوالات کے لئے ایک نئی پورٹل کا اضافہ کیا گیا ہے۔** یہ مطالبات کا نیا ذریعہ، جو اس لنک پر ملے گا یا پھر کنسورشیم کے ویب پر موجود رابطہ صفحہ پر، جوابات کے ملنے کو آسان کرتا ہے اور انہیں ایک ہی مقام پر عمومی سوالات کے داخلے پر مضامین کے لحاظ سے منظم کرتے ہوئے یکجا کرتا ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ یہ پورٹل آپ کے لئے آسان اور واضح ہو اور اس طرح ہمارے قریب ہونے میں مدد کرے اور ہمیں جوابات دینے میں زیادہ تیز کرے۔

دوسری جانب، اس خط سے منسلک آپ **کو ان افراد اور خدمات سے متعلق بنیادی معلومات ملیں گی جو آپ کی مدد کر سکتی ہیں** آپ کے بچوں کی تعلیم، کام جو فروغ دیتے ہیں اور دستیاب رابطوں کے طریق کے لئے۔

بارسیلونا شہر میں موجود بچوں اور نوجوانوں کی تعلیم و تربیت اور ان کی نشو و نما میں فروغ میں مدد کے لئے ہم 12000 پیشہ ور کام کرتے ہیں۔ گزشتہ ہفتوں میں ہم اس کورس کے آغاز کی تیاری کرتے رہے ہیں اور اگلے مہینوں میں ہم مل کر **کام کرتے رہیں گے، خاندانوں کے ساتھ بھی** تاکہ **سب سے اہم چیزوں کی جانب آگے بڑھیں: سیکھنے کا عمل اور آپ کے بیٹے بیٹیوں کی بہبود۔**

اس شاندار ٹیم کی جانب سے ایک خلوص بھرا سلام قبول کریں اور امید کرتے ہیں کہ ہم سب مل کر اس سال کے تعلیمی کورس میں بھرپور تجربات اور سیکھنے کے مواقعوں میں تعاون کر سکیں!

**آنا طیررا**

بارسیلونا میں تعلیمی کنسورشیم کی منتظم اعلیٰ

بارسیلونا، 17 ستمبر 2025



Consorci d'Educació de Barcelona
Generalitat de Catalunya
Ajuntament de Barcelona

# افراد اور مدد کی خدمات

## آپ کے بچوں کی تعلیم کے حصول کے لئے آپ کی مدد اور رہنمائی کرتے ہیں۔ آپ کے اعتماد کا شکریہ!

edubcn.cat

### تعلیمی انسپیکشن کا کیا کام ہے؟

**محکمہ تعلیم کی انسپیکشن کا کیا کام ہے؟**

محکمہ تعلیم، تعلیمی نظام کا مجموعی طور پر جائزہ لیتا ہے اور نگرانی، رہنمائی اور تعلیمی مراکز اور خدمات کے جائزے کا ذمہ دار ہے۔ بارسیلونا شہر میں، اس کام کو اضلاع کے ذریعہ منظم کیا جاتا ہے، جہاں سے تعلیمی مراکز اور خدمات میں مدد کے ذریعہ کام کیا جاتا ہے تاکہ معیار، ہم آہنگی اور تعلیمی مساوات میں بہتری کے منصوبوں کو فروغ دیا جائے۔ اس کا مقصد احکامات کے اطلاق اور ان سے اخذ ہونے والے حقوق کے نفاذ اور فرائض کی تعمیل کی یقین دہانی کرنا اور اسی طرح تعلیمی کمیونٹی کے مفاد اور ضروریات کو مدنظر رکھنا ہے۔ مزید کے لئے ملاحظہ کریں

+ معلومات



### آپ کے تعلیمی مرکز میں ایسے پیشہ ور جن سے رجوع کیا جا سکتا ہے

**مرد و خواتین ٹیوٹر سب سے اہم فرد ہوتا ہے جس سے آپ کے بیٹے یا بیٹی کی نشو و نما یا تعلیمی ضروریات کے بارے میں جاننے کے لئے حوالہ کیا جا سکتا ہے۔** وہ دیگر اساتذہ اور مرکز میں موجود پیشہ وروں کے ساتھ روابط کاری کے ذریعہ طلباء کی شخصی پیروی کرتے ہیں۔ ڈائریکٹر کی مدد سے تعلیمی منصوبے کو فروغ دیتے ہیں اور خاندانوں کو وقت دیتے ہیں ان کی ضروریات اور پریشانیوں کے بارے میں جاننے کے لئے۔



### کنسورشیم تعلیم بارسیلونا کیا ہے؟

یہ بارسیلونا شہر میں تعلیمی انتظامیہ ہے اور یہ محکمہ تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت اور کونسل بارسیلونا پر مشتمل ہے۔ ہم شہر کے 300 سرکاری تعلیمی مراکز کا **انتظام چلاتے ہیں اور تعلیمی انتظامیہ کے طور پر سرکاری اور نیم سرکاری تعلیمی مراکز کی خدمت** پر مامور ہیں۔ خاندانوں کے مطالبات یا ضروریات **کے لئے رابطے کے کئی طریق ہیں** ٹیلی مواصلاتی، جیساکہ مطالبات اور درخواستوں کا نیا ذریعہ؛ ٹیلیفون اور دفتر مدد بذریعہ اپوائنٹمنٹ)۔

+ معلومات



### تعلیمی ماہرین نفسیات کے پیشہ ور کون ہیں؟ کیا مدد فراہم کرتے ہیں؟

یہ مرد و خواتین ماہرین، تعلیمی نفسیات کی رہنمائی اور سمت بندی کی ٹیموں (EAP) کا حصہ ہیں۔ آپ کے مرکز کے حوالہ ذمہ داران کے ہمراہ یہ آپ کو سمجھنے میں مدد کرتے ہیں کہ آپ کے بیٹے یا بیٹی کی ضروریات کیا ہیں، اور کون سے وسائل یا امداد ان کے لئے زیادہ موزوں ہیں، سکول کے اندر اور سکول کے باہر بھی (مثلاً تفریحی سرگرمیوں میں)۔ دیگر ٹیمیں اور مخصوص* تعلیمی خدمات مل کر مراکز کے ساتھ کام کرتی ہیں اور پرائمری اور سیکنڈری کے طلباء کی مختلف ضروریات میں مدد کرنے کے لئے کام کرتی ہیں؛ آپ EAP پر ان میں سے بعض سے رجوع کر سکتے ہیں۔

+ معلومات



(*) مراکز تعلیمی نفسیات کے وسائل (CRP)، زبان اور سماجی ہم آہنگی کے پیشہ ور (LIC)، مرکز میں رہنما کار، سماعت اور زبان میں مدد کی خصوصی خدمت (CREDA)، بصری ضروریات میں مدد کی خصوصی خدمت (CREDV) اور رویوں کی بے ترتیبی میں مدد کی خصوصی خدمت اور آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر والے طلباء (CRETDIC)۔